NHS
گریٹر مینچسٹر

گریٹر مینچسٹر
مقامی میٹرنیٹی اور نیو نیٹل سسٹم

# حمل میں اسپرین

## مریض کے لیے معلوماتی پرچہ






Urdu



## مجھ سے اسپرین لینے کو کیوں کہا گیا ہے؟

اسپرین اوائل حمل کے دوران آپ کے بچے تک خون کی روانی کو بہتر بنانے میں مدد کرتی ہے اور اچھی طرح افزائش پانے میں آپ کے بچے کی مدد کر سکتی ہے۔

آپ کو پری اکلمپسیا پیدا ہونے، یا چھوٹے بچے کو جنم دینے کے خطرے میں مبتلا ہونے کے بطور شناخت کیا گیا ہے۔

پری اکلمپسیا حمل کی ایک کیفیت ہے جو ہائی بلڈ پریشر کا سبب بنتی ہے۔



آپ کو اپنے حمل کے دوران ہر شام کو 150mg اسپرین لینے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ اسے رات میں (6 بجے شام کے بعد) کھانے کے ساتھ لیں۔

## پری اکلمپسیا کیا ہے؟



پری اکلمپسیا ایک پیچیدگی ہے جو ہر 100 حمل میں 2 سے 8 خواتین کو، عموماً حمل کے دوسرے نصف حصے کے دوران یا ان کے بچے کی پیدائش کے فوراً بعد متاثر کرتی ہے۔ اگر اس پر نگاہ نہ رکھی جائے اور علاج نہ کیا جائے تو یہ آپ اور آپ کے بچے کے لیے سنگین پیچیدگیوں کا باعث بن سکتی ہے۔



اگر آپ کو پری اکلمپسیا ہوتا ہے تو آپ کو درج ذیل کا سامنا ہو سکتا ہے:

- سر درد
- بصارت میں خلل
- آپ کے ہاتھوں، پیر یا چہرے کی سوجن



**اگر آپ کے ساتھ ایسا ہوتا ہے تو، براہ کرم اپنے میٹرنیٹی ٹریاج ڈیپارٹمنٹ کو کال کریں**

اگر آپ کو ہائی بلڈ پریشر ہے، آپ کے پیشاب میں پروٹین ہے یا خون کی جانچیں خلاف معمول ہیں تو آپ کی دایہ یا ڈاکٹر کو پتہ لگ سکتا ہے کہ آپ کو پری اکلمپسیا ہے۔

## اگر میرا بچہ چھوٹا ہے تو یہ کیوں اہمیت رکھتا ہے؟



کچھ بچے توقع سے زیادہ چھوٹے ہوتے ہیں۔ ان بچوں کے قبل از وقت پیدا ہونے کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے اور انہیں نیونیٹل یونٹ میں داخل کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ انہیں مردہ ولادت کا بھی زیادہ خطرہ لاحق ہوتا ہے۔

اگر آپ کا بچہ چھوٹا ہے تو ان خطروں کو کم کرنے کی کوشش کے تحت آپ کو اضافی جانچیں، جیسے اسکین اور حرکت قلب کی شرح کی مانیٹرنگ پیش کی جا سکتی ہیں۔



## میں اسپرین کیسے لوں؟

اسپرین حاصل کرنے کے دو طریقے ہیں:

- اپنی دایہ سے پوچھیں۔ آپ کی دایہ یا تو آپ کو اسپرین مفت میں دے گی یا ہسپتال کی فارمیسی سے نسخہ حاصل کرنے میں آپ کی مدد کرے گی۔
- اسے کسی بھی سپر مارکیٹ سے خریدیں۔ اس کی لاگت £2 سے کم ہوتی ہے اور 75mg یا 300mg ٹیبلٹس کی شکل میں آتی ہیں۔ **150mg روزانہ ایک بار شام میں لیں۔**



آپ کے پاس اسپرین ختم ہونے سے پہلے، اپنی دایہ سے بات کریں - یا آپ سپر مارکیٹ میں مزید خرید سکتے ہیں۔

# مجھے اسپرین کب لینی چاہیے؟

**8-16 ہفتے**
اسپرین لینا شروع کریں

**16-36 ہفتے**
اسپرین جاری رکھیں

**36 ہفتے**
اسپرین بند کر دیں

اسپرین کو حمل کے 8 ہفتے پر لینا شروع کریں۔ اس کے بہترین کارگر ہونے کے لیے، 16 ہفتوں سے پہلے شروع کریں۔

150mg ہر شام کو لیں یہاں تک کہ آپ حمل کے 36 ہفتے کو پہنچ جائیں، یا جب تک آپ کی دایہ آپ سے اسے روکنے کو نہ کہے۔ اپنی سپلائی کم ہونے سے پہلے اپنی دایہ سے معلوم کریں، یا آپ سپر مارکیٹ میں مزید خرید سکتے ہیں۔

اسپرین کو 36 ہفتے پر لینا بند کریں۔ اگر درد زہ اس سے پہلے ہی شروع ہو جاتا ہے تو، اپنی اسپرین بند کریں اور اپنی دایہ کو مطلع کریں۔ اگر آپ کا ڈاکٹر کہتا ہے کہ آپ کو اپنے پورے حمل کے دوران اسپرین کی ضرورت ہے، مثال کے طور پر اس وجہ سے کہ آپ کو دل کی کیفیت لاحق ہے، تو ان سے پوچھیں کہ کب روکنا ہے۔

اگر شروع یا بند کرنے کے وقت کے بارے میں آپ کے سوالات ہوں تو، اسی وقت اپنی دایہ سے رابطہ کریں۔ اسپرین شروع کرنے کے لیے اپنی اگلی اپائنٹمنٹ کا انتظار نہ کریں، کیونکہ 16 ہفتوں سے پہلے شروع کرنا اہم ہے۔



**آپ کو اسپرین لینے سے پہلے اپنی دایہ یا ڈاکٹر سے پوچھنا چاہیے اگر آپ:**

- آپ کو فعال یا اس سے پہلے پیٹ میں السر ہے
- آپ کو جریان خون کے عوارض ہیں
- آپ کی عمر 16 سال سے کم ہے
- آپ کو ہیموفیلیا ہے
- آپ کو شدید قلبی ناکامی ہے
- آپ کو آئبوپرفین، اسپرین، یا ملتی جلتی دوا سے الرجی ہے
- آپ کو دمہ ہے جو آئبوپرفین، اسپرین، یا ملتی جلتی دوا سے بگڑ جاتا ہے

اسپرین کے پیکس میں ایک معلوماتی پرچہ ہوتا ہے جو آپ کو بتاتا ہے کہ اسپرین کو حمل کی حالت میں تب تک نہیں لینا ہے جب تک ڈاکٹر اسے لینے کا مشورہ نہ دے۔




ماہرین کی تجویز کردہ اسپرین کو خطرے کے عوامل موجود ہونے پر پری اکلمپسیا کا خطرہ اور چھوٹا بچہ جنم دینے کا خطرہ کم کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

**حمل میں اسپرین لینا آپ کے بچے کے لیے کسی خطرات کا باعث نہیں بنتا ہے۔**

## اسپرین لینے کے ضمنی اثرات کیا ہیں؟



امکانی ضمنی اثرات کے لیے اسپرین والے اپنے ڈبے میں معلوماتی پرچے پر نگاہ ڈالیں۔

حمل کے دوران اسپرین کی یہ خوراک لینے سے اسقاط، شرمگاہ سے جریان خون، یا پلیسنٹا (آنول) کے پیچھے جریان خون کے امکانات نہیں بڑھتے ہیں۔

## اس کے بعد کیا ہوتا ہے؟



پری اکلمپسیا کی نشانیاں چیک کرنے کے لیے قبل از ولادت ہر اپائنٹمنٹ میں آپ کے بلڈ پریشر اور پیشاب کی جانچ کر کے ہم آپ کے پورے حمل کے دوران آپ اور آپ کے بچے پر نگاہ رکھیں گے۔



## اگر میں دوسری دوا لے رہی ہوں تو کیا ہوگا؟

اسپرین دوسری دواؤں کے ساتھ ردعمل کر سکتی ہے۔ آپ جو کوئی دوائیں، بشمول کوئی نباتی یا بغیر نسخے کے ملنے والے پروڈکٹس لے رہی ہیں ان کے بارے میں اپنے ڈاکٹر یا دایہ کو بتانا ضروری ہے۔

**اگر آپ میں کوئی ضمنی اثرات پیدا ہوتے ہیں یا حمل کے دوران اسپرین کے استعمال کے بارے میں کوئی سوالات ہوں تو، براہ کرم اپنی دایہ یا ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔**



*ایزی-آن-دی-آئی امیجز کاپی رائٹ
Leeds and York Partnership NHS Foundation Trust.

NHS CS58103 کریئیٹیو 2025